سوال نمبر 2444

منجانب: جناب بہادر خان صاحب، رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر ابتدائی و ثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے:

	سوال	جواب
(ا)	آیا یہ درست ہے کہ سال 2012 میں PK-16 بمقام طور قلعہ یونین کونسل منڈا میں باچا خان ہائی سیکنڈری سکول تعمیر کیا گیا تھا جس کو محکمہ نے سرکاری سکول میں تبدیل کیا ہے؟	جی ہاں یہ درست ہے۔ سال 2012 میں PK-16 بمقام طور قلعہ یونین کونسل منڈا میں باچا خان ہائی سیکنڈری سکول تعمیر کیا گیا۔
(ب)	اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سکول کو جب سے سرکاری تحویل میں لیا گیا ہے تا حال کیوں بند پڑا ہے اس کا تمام عملہ اور گاڑیاں غائب کر دی گئی ہے اور فنڈ میں خرد برد کیا گیا ہے آیا حکومت مذکورہ سکول کو سرکاری سطح پر فعال کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ تفصیل فراہم کی جائے۔	مندرجہ بالا سکول مالی حالات کی ابتری کی وجہ سے بند پڑا ہے سکول کے تمام اثاثہ جات اور گاڑیاں وغیرہ سکول کے اندر موجود ہیں نیز سکول کو سرکاری سطح پر فعال کرنے کے لیے محکمہ ہذا کوشش کر رہا ہے۔